31/05/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مشاہد حسین

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا ۔

کے یوٹیوب چینلز پر بھی لائیو PMO ، ڈی ڈی نیوز اور AIR اس کے علاوہ یہ پروگرام نیوز آن سٹریم کیا جائےگا ۔

پروگرام □بج گیارہ بجے نشر ہو گا جس کے فوراً بعد اس کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا ۔یہ اس ماہانہ پروگرام کی 134 ویںقسط ہو گی۔

فیسٹول

فیسٹول کاتیسرا شمارہ جا Literature سرینگر میں کل سے شروع ہوا دو روزہ کشمیر SKICC ری ہے۔ فیسٹول کا افتتاح لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کیا۔

انہوں نے ادیبوں اور قلمکاروں سے تاکید کی کہ وہ اپنی تخلیقات کے ذریعے مثبت سوچ اور رواداری کو فروغ دیں ۔

-----LG-----

لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعہ پر پدم شری، پروفیسرشفیع شوق اور دیگر کئی شخ□یات کی عزت افزائی بھی کی ۔

ملاقاتLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کل کئی وفود اور کچھ اہم شخ□یات نے ملاقات کر کے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

ملاقات کرنے والوں ميں بی جے پی کے ضلع صدر بارہمولہ غلام حسين ڈار کی قيادت والا ايک ظہور احمد شيخ کی قيادت والا وفد بهی شامل تهے۔ BDC وفد// ناربل کے سابق

ژالہ باری

کشمير وادی ميں گذشتہ کئی دنوں سے موسم کے بے ہنگم مزاج سے فصلوں ، سبزيوناور ميوه باغات کو شديد نقصان پہنچا ہے ۔ تازه واقعے ميں کل شوپيان، ہندواڑه اور ترال کے کئی علاقوں ميں شديد ژالہ باری ہوئی جس کے نتيجے ميں کسانوں کو بهاری نقصان اُٹهانا پڑا ہے ۔

گذشتہ کئی روز کے دوران بهی اولوں کی بارش ميں کئی علاقوں ميں فصلوں کو نقصان سے دو چار کر ديا ہے۔ کسانوں نے سرکار سے مانگ کی ہے کہ نقصانات کا تخمينہ لگا کر متاثرين کو مناسب معاوضہ فراہم کيا جائے ۔

سکينہ ايتو

اسی دوران سماجی بہبود کی وزير سکينہ ايتو نے کشمير ڈويژن ميں ژالہ باری سے پيدا شده صورتحال کا تفصيلی جائزه ليتے ہوئے متعلقہ محکموں کو اس کے نتيجے ميں ہوئے نقصانات کا تخمينہ لگانے کی ہدايت دی ہے تاکہ امدادی اقدام فوری طور سے شروع کئے جاسکيں۔

وزير موصوفہ نے اس مقصد کےلئے زراعت، باغبانی اور مال محکمے کو قريبی تال ميل کے ساته کام کرنے کی تاکيد کی ۔

بينک

جموں وکشمير بينک يوٹی کے مختلف سيکٹروں کو فروغ دينے اور لوگوں کو ٰ اعلی معيار کی بينکنگ سہوليات دستياب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔ بنک کی طرف سے کارپوريٹ سماجی ذمہ داری کے تحت بهی کئی سارے کام انجام ديئے جا رہے ہيں ۔

اميتابه چٹر جی نے آکاشوانی نيوز سرينگر CEO اس بارے ميں ادارے کے منيجنگ ڈائريکٹر اور سے بات کر تے ہوئے کہا ۔

۔۔۔۔۔ Amitabh۔۔۔۔۔

تمبا کو نوشی

آج تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن ہے۔ آج کے دن دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے مضر اثرات کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جا رہی ہے۔

اس سلسلے میں آج جمونو کشمیر میں بھی متعلقہ محکموں اور تنظیموں کی طرف سے کئی جانکاری پروگراموں کا اہتمام ہے۔

جل شکتی

محکمہ جل شکتی نے26مئی کو ایک ہندی روز نامے میں شائع ایک خبر کو بے بنیاد قرار دے کر کہا ہے کہ جمونو کشمیر میں جل جیون مشن تواتر کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

ایک وضاحتی بیان میں محکمے نے کہا ہے کہ ابھی تک اس مشن کے تحت 1ہزار469سکیموں کو مکمل کیا جا چکا ہے، جن میں سے 1ہزار377سکیموں کو چالو بھی کیا گیا ہے ۔ اسکے علاوہ مزید ایک ہزار778سکیمیں تعمیر کے مختلف مراحل میں ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ21 اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....